سوال

(255) عید کی نماز بدون بارش یا بدون کسی عذر کے مسجد میں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید کی نماز بدون بارش یا بدون کسی عذر شرعی کے مسجد میں پڑھنے کا ثبوت اور عید کی نماز کے بعد چندہ کر کے یا وقف کردہ زمین کے اخراجات سے کھانا تیار کر کے کھانا اور کھلانا اور س کو لازم ضروری جاننا شرع جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بغیر عذر کے نماز عید بستی میں پڑھنی خلاف سنت ہے۔ چندہ اگر کھانے کے لئے ہے تو اس کھانا کھلانا جائز ہے۔ اور اگر غرض کے لئے ہے۔ تو اسی غرض میں لگانا ضروری ہے ایسا ہی وقف زمین بھی اگر دعوت مسلمین کے لئے موقوفہ ہے۔ تو اس کا کھانا کھلانا جائز ہے۔ اور وہ اگر کسی خاص غرض کے لئے وقف ہو تو اس غرض میں اسکو استعمال کرنا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 450

محدث فتویٰ